باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد: 24 | ہفتہ 27 ذوالحجہ 1447ھ 13 جون 2026ء | شمارہ: 133
https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے ازراہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آجاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

بجٹ عوام دوست نہیں، ایم کیو ایم کا گورنر شپ کا بھی بڑا مطالبہ

ایم کیو ایم پاکستان نے آئندہ مالی سال میں کراچی اور حیدرآباد کا ترقیاتی بجٹ کم مختص کرنے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا، ڈاکٹر فاروق ستار نے کراچی وحیدرآباد کے لیے اربن ڈیولپمنٹ پیکیج 25 ارب روپے کرنے کا مطالبہ کر دیا

فاروق ستار نے کہا کہ کراچی کے لیے 10 ارب روپے اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہیں ایم کیو ایم نے گورنر سندھ کا عہدہ واپس دینے کا مطالبہ دہرایا اور کہا کہ گورنر شپ ایم کیو ایم کا حق ہے، جس پر حکومت نے کوئی واضح جواب نہیں دیا

کراچی (بزنس رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان نے آئندہ مالی سال میں کراچی اور حیدرآباد کا ترقیاتی بجٹ کم مختص کرنے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایم کیو ایم کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کراچی وحیدرآباد کے لیے اربن ڈیولپمنٹ پیکج 25 ارب روپے کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے 20 مئی کی میٹنگ میں 25 ارب روپے پر اتفاق کیا تھا، بجٹ میں کراچی کے لیے صرف 10 ارب روپے رکھے گئے جو شہر کے ساتھ ناانصافی ہے جبکہ کراچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

وزیرخزانہ نے مالی سال 27-2026 کے لیے 18 ہزار ارب روپے سے زائد کا وفاقی بجٹ پیش کر دیا، حکومت کے کل اخراجات کا تخمینہ 18,771 ارب روپے ہے جس میں سے 8,054 ارب روپے صرف مارک اپ کی ادائیگی کے لیے مختص ہوں گے

وزیرخزانہ کا بجٹ پیش، اپوزیشن کا شدید احتجاج

وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ میں اتحادی جماعتوں کی قیادت خصوصاً میاں محمد نواز شریف، بلاول بھٹو زرداری، خالد مقبول صدیقی، چوہدری شجاعت حسین، عبدالعلیم خان اور جناب خالد حسین مگسی کی رہنمائی کے لیے دل کی گہرائیوں سے شکرگزار ہوں

وزیراعظم پاکستان کی ہدایت پر آج مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ تنخواہ دار افراد کو ریلیف فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس سلسلے میں حکومت نے آمدنی کی چار سلیبس کے تحت تنخواہ دار افراد کو ریلیف فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے

اسلام آباد، کراچی (علیم نواب خان سے) قومی اسمبلی میں وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے مالی سال 27-2026 کے لیے 18 ہزار 771 ارب روپے کا وفاقی بجٹ پیش کر دیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق کی سربراہی میں ہونے والے قومی اسمبلی کے اجلاس کے آغاز پر پاکستان تحریک انصاف کے ارکان نے نعرے بازی کی جب کہ آزاد ارکان نے پلے کارڈز اٹھا کر اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا۔ بجٹ تقریر کا آغاز کرتے ہوئے وزیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

قومی اسمبلی میں وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب مالی سال 27-2026 کے لیے 18 ہزار 771 ارب روپے کا وفاقی بجٹ پیش کر رہے ہیں

اہم خبر

صدرِ مملکت نے پی آئی اے ریپیل بل 2026 پر دستخط کر دیے

عارف حبیب کنسورٹیم گروپ سرخرو، نجکاری کی راہ میں آخری رکاوٹ بھی ختم، بڑی پیش رفت

اسلام آباد کراچی (علیم نواب خان) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن (کنورژن) ریپیل بل 2026 کی باقاعدہ منظوری دے دی ہے۔ ایوانِ صدر کے میڈیا ونگ سے جاری ہونے والے بیان کے مطابق صدر مملکت نے بل پر دستخط کر دیے ہیں جس کے بعد یہ بل قانون کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ اس قانون سازی کے بعد پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

اسٹیٹ بینک نے زرِمبادلہ کے ذخائر سے متعلق رپورٹ جاری کر دی

مرکزی بینک کے ذخائر 2.48 کروڑ ڈالرز اضافے سے 17.21 ارب ڈالرز ہو گئے

کراچی (این این آئی) کراچی اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے زرِمبادلہ کے ذخائر سے متعلق رپورٹ جاری کر دی۔ اسٹیٹ بینک کی رپورٹ کے مطابق ملک میں زرِمبادلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سندھ میں ہیٹ ویو کے بعد گرج چمک کیساتھ بارش کی خوشخبری

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ سندھ میں ہیٹ ویو کی موجودہ صورتِ حال آج (ہفتہ) سے ختم ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

سندھ حکومت کا بجٹ آئندہ ہفتے پیش کیے جانے کا امکان

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت مالی سال 27-2026 کے لیے آمدن و اخراجات کا میزانیہ آئندہ ہفتے سندھ اسمبلی میں پیش کرنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پاکستان اور عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں بڑا اضافہ

عالمی منڈی میں سونا 27 ڈالر کے اضافے کے بعد 4175 کا ہو گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اور عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ آل صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق پاکستان میں 24 کیرٹ فی تولہ سونا ہزار کے اضافے کے بعد 4 لاکھ 39966 روپے کا ہو گیا، جبکہ 10 گرام سونے کی قیمت 6 ہزار 525 روپے اضافے کے بعد 3 لاکھ 75 ہزار 947 روپے ہو گئی۔ چاندی کی فی تولہ قیمت میں 190 روپے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

کلفٹن کی تاریخی عمارت پر تعمیراتی کام کیخلاف سندھ ہائیکورٹ میں درخواست دائر

تاریخی عمارت پر متعلقہ اداروں کے سوا کوئی بھی فریق تعمیراتی کام کا مجاز نہیں ہے، درخواست گزار

کراچی (این این آئی) کلفٹن میں واقع ایک تاریخی ورثہ قرار دی گئی عمارت پر جاری تعمیراتی کام کے خلاف اہلِ محلہ سندھ ہائیکورٹ پہنچ گئے ہیں۔ سندھ ہائی کورٹ میں دائر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کراچی: سرجانی میں ایک اور مصباح شوہر کے ہاتھوں قتل

مقتولہ کے شوہر سلمان نے مبینہ طور پر گھریلو ناچاقی پر فائرنگ کی، پولیس

کراچی (این این آئی) سرجانی ٹاؤن میں ایک اور مصباح شوہر کے ہاتھوں قتل کر دی گئی۔ پولیس کے مطابق واقعہ کرچن قبرستان کے قریب سرجانی ٹاؤن سیکٹر 51 میں پیش آیا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

کراچی، کلفٹن کے فلیٹ سے 17 سالہ نوجوان کی لاش برآمد

ابتدائی تحقیقات میں واقعہ خودکشی معلوم ہوتا ہے، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں کلفٹن کے علاقے گزری میں کے ایم سی اسپتال کے قریب ایک رہائشی عمارت سے نوجوان کی پھندا لگی لاش برآمد ہوئی ہے۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کراچی، نیوسبزی منڈی کے قریب پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے سپر ہائی وے نیوسبزی منڈی مزار کے قریب پولیس مقابلے کے دوران ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ڈاکوؤں کی کھلی واردات، شہریوں کو اسلحے کے زور پر لوٹ لیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے نارتھ کراچی دومنٹ چورنگی کے قریب سیکٹر 5-A/4 میں موٹرسائیکل سوار مسلح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

بھنگوریہ گوٹھ میں آٹھ ماہ بعد پانی کی فراہمی بحال، شہریوں کا اظہارِ تشکر

کراچی (این این آئی) الفاروق محلہ ویلفیر کی جانب سے بھنگوریہ گوٹھ میں آٹھ ماہ سے پانی کی عدم فراہمی پر کراچی واٹر اینڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سردار طاہر محمود چیئرمین آئی سی سی آئی فاؤنڈر گروپ طارق صادق، سینئر نائب صدر طاہر ایوب، نائب صدر عرفان چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔ اس موقع پر سابق صدر خالد جاوید محمد اعجاز عباسی، محمد احمد آئی سی سی آئی کی قائمہ کمیٹی برائے ایف بی آر کے کنوینر میاں محمد رمضان ایگزیکٹو ممبر وسیم چوہدری سابق ایس وی پی خالد چوہدری سیکرٹری جنرل غلام مرتضیٰ آئی سی سی آئی کے سینئر ممبران اسرار مشوانی رضوان چھینہ اور دیگر بھی موجود تھے۔

وفاقی بجٹ میں کاروبار دوست اقدامات کا خیر مقدم، طاہر محمود

پائیدار معاشی ترقی کے حصول کیلیے ساختی اصلاحات، ٹیکس نظام میں بہتری اور ایک واضح معاشی روڈ میپ کی ضرورت ہے، صدر اسلام آباد چیمبر

پرہجوم پریس کانفرنس، طارق صادق، طاہر ایوب، عرفان چوہدری، خالد جاوید، محمد اعجاز عباسی، میاں محمد رمضان، خالد چوہدری، رضوان چھینا بھی موجود

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر سردار طاہر محمود نے وفاقی بجٹ 27-2026 میں اعلان کردہ متعدد کاروبار دوست اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا ہے کہ پائیدار معاشی ترقی کے حصول کے لیے ساختی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

سندھ ہائیکورٹ: قتل کیس میں خاتون ملزمہ کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور

دوران علاج مقتولہ نے کسی ڈاکٹر یا فرد کے سامنے زہر دیے جانے کا کوئی بیان نہیں دیا جبکہ وفات کے بعد جھوٹی ایف آئی آر درج کرائی گئی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے قتل کے مقدمے میں نامزد خاتون ملزمہ امتیاز بی بی کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور کر لی۔ عدالت نے ملزمہ کو 50 ہزار روپے کے مچلکے جمع کروانے کا حکم دیتے ہوئے تفتیشی افسر اور پراسیکیوشن کو نوٹس جاری کر دیا اور 17 اگست تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

قانون نافذ کرنیوالے ادارے کا عمارت پر چھاپہ، ایک درجن سے زائد افراد گرفتار

کارروائی کے وقت دفتر میں ایک سیاسی جماعت کے قائد کا ٹیلیفونک خطاب سنا جا رہا تھا، اسسٹنٹ کمشنر آرام باغ حازم بھنگوار بھی موقع پر پہنچے

کراچی (این این آئی) قانون نافذ کرنے والے ادارے نے آئی آئی چندریگر روڈ پر واقع ایک عمارت کی دوسری منزل پر قائم دفتر میں کارروائی کرتے ہوئے ایک درجن سے زائد افراد کو حراست میں لے لیا، جبکہ دفتر سے مختلف اشیا بھی تحویل میں لے لی گئیں۔ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

بچے تعلیم سے محروم: چائلڈ لیبر ایکٹ کی کھلی خلاف ورزیاں جاری ہیں: حلیم عادل شیخ

عالمی یومِ انسدادِ چائلڈ لیبر پر پاکستان میں بچوں کے استحصال کے خلاف موثر اقدامات ناگزیر ہیں، صدر تحریک انصاف سندھ

کراچی (این این آئی) عالمی یوم انسدادِ چائلڈ لیبر کے موقع پر پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے اپنے اہم بیان میں کہا ہے کہ پاکستان میں بڑھتی ہوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

بجٹ میں معاشی استحکام کے اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہیں: عاطف اکرام شیخ

ایف پی سی سی آئی کے صدر کی وزیراعظم شہباز شریف اور حکومتی معاشی ٹیم کو مسلسل پانچواں وفاقی بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد

لاہور میں پرہجوم پریس کانفرنس: میاں اکرم فرید، طارق جدون، ملک سہیل حسین، غضنفر بلور بھی موجود، اہم تجاویز بجٹ میں شامل کرنے پر شکرگزار

کراچی (بزنس رپورٹر) صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے 18.7 کھرب روپے کے وفاقی بجٹ 27-2026 کی پیشکش کا خیر مقدم کرتے ہوئے حکومت کی معاشی استحکام کی کوششوں کو سراہا؛ تاہم اس بات پر زور دیا کہ اب پائیدار معاشی اور صنعتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ایف پی سی سی آئی کے صدر عاطف اکرام شیخ لاہور میں وفاقی بجٹ پیش ہونے کے بعد پرہجوم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سائٹ کراچی کے صنعتکاروں کا بجٹ صنعت کی بحالی کیلئے ناکافی قرار

سپر ٹیکس میں معمولی کمی، زائد توانائی نرخ نصف صلاحیت پر چلنے والی فیکٹریوں کو دوبارہ زندہ نہیں کر سکتی، عبدالرحمان فدا

نئے مالی سال کے آغاز سے قبل ان تمام خامیوں کو فوری ترامیم کے ذریعے دور کیا جائے، صدر سائٹ ایسوسی ایشن



کراچی (بزنس رپورٹر) سائٹ ایسوسی ایشن آف انڈسٹری کراچی نے وفاقی بجٹ 27-2026 کا جائزہ لیتے ہوئے بعض اقدامات کو محتاط انداز میں سراہا ہے تاہم مجموعی طور پر بجٹ کو صنعت کی بحالی کے لیے ناکافی قرار دیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے صدر عبدالرحمان فدا نے کہا کہ ہمارے ممبران حکومت کے اقدامات کو تسلیم کرتے ہیں مگر اصلاحات کی رفتار کو مسترد کرتے ہیں۔ 5 سالوں پر محیط ٹیرف اصلاحات، معمولی سپر ٹیکس کے خاتمہ کے بجائے معمولی کمی، اور صنعتی توانائی نرخوں پر مکمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

بجٹ نہ اچھا برا صنعتی بحالی کیلئے واضح حکمت عملی سے محروم: زبیر موتی والا

سپر ٹیکس میں جزوی ریلیف قابلِ ستائش، مگر ایف ٹی آر کی بحالی میں ناکامی اور صنعتی مراعات کا فقدان مایوس کن قرار دیتے ہیں، چیئرمین بزنس مین گروپ

کراچی چیمبر میں پرہجوم پریس کانفرنس: محمد رضا، عارف لاکھانی، جنید اسماعیل ماکڈا، جاوید بلوانی، ادریس میمن، حارث اگر اور درشہوار نثار سمیت سیکڑوں موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) بزنس مین گروپ (بی ایم جی) کے چیئرمین زبیر موتی والا نے وفاقی بجٹ 27-2026 کو نہ اچھا نہ برا قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگرچہ بجٹ میں چند مثبت اقدامات شامل کیے گئے ہیں تاہم مجموعی طور پر اس میں برآمدات کے فروغ، صنعتی بحالی اور اقتصادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ہیلی کاپٹر حادثے کے شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، حاجی جمیل ضیا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور چیئرمین اورنگی ٹاؤن، حاجی جمیل ضیا نے آرمی ایوی ایشن کے ہیلی کاپٹر حادثے میں جان کا نذرانہ پیش کرنے والے افسران اور جوانوں کے لیے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن کی خاطر اپنی زندگیاں وقف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

انمول پنکی کے بعد ایک اور کوکین گینگ کا سرغنہ گرفتار، نامور اداکار کے بیٹے سے تعلق کا انکشاف

کراچی (این این آئی) کوکین کوئن انمول پنکی کے بعد ایک اور کوکین گینگ کے سرغنہ "شاہ فہد کو گرفتار کر لیا گیا، شاہ فہد کوکین اور ویڈ کی فروخت کے بزیدھندے میں ملوث ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں انمول پنکی کی گرفتاری کے بعد قانون نافذ کرنے والے اداروں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

چین میں تیار کردہ پاک بحریہ کی پہلی ہنگور کلاس آبدوز ایم ہنگور کراچی پہنچ گئی

آبدوز جدید جنگی نظام، ماڈرن سینسرز، ایئر انڈیپنڈنٹ پروپلشن اور اسٹیلتھ ٹیکنالوجی سے لیس ہے

دشمن کے لیے ہنگور کل بھی خوف کی علامت تھی اور آج بھی سمندروں پر ہماری برتری کا اعلان ہے

کراچی (این این آئی) چین میں تیار کردہ پاک بحریہ کی پہلی ہنگور کلاس آبدوز ایم ہنگور کراچی پہنچ گئی، آبدوز جدید جنگی نظام، ماڈرن سینسرز، ایئر انڈیپنڈنٹ پروپلشن اور اسٹیلتھ ٹیکنالوجی سے لیس ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاک بحریہ کی پہلی ہنگور کلاس آبدوز پی این (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

مختلف علاقوں سے اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 4 ملزمان گرفتار

ماڈل کالونی میں خواتین سے وارداتیں کرنے والا ملزم پکڑا گیا

ایک پستول بمع گولیاں، موبائل فون، کیش رقم اور موٹر سائیکل برآمد

کراچی (این این آئی) پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران 4 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ و مسروقہ سامان برآمد کر لیا۔ ماڈل کالونی پولیس نے جمعرات اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ایس آئی یو پولیس کا کریک ڈان، اسٹریٹ کرمنلز اور آن لائن منشیات فروش گرفتار

دونوں کارروائیوں کے دوران گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیا گیا، ترجمان

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

طاہر اندرابی جینوا میں اقوام متحدہ کے مستقل مندوب نامزد

نئے ترجمان کے لیے وزارت خارجہ کی ایڈیشنل سیکرٹری برائے یورپ عائشہ علی بھی شامل

جبکہ برطانیہ میں پاکستان کے سابق ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل کا نام بھی نئے ترجمان کیلئے زیرغور

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) مصدقہ ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ وزارت خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی جن کی نامزدگی جینوا میں اقوام متحدہ کے مستقل مندوب کی حیثیت سے ہو چکی ہے اپنی نئی تقرری کی تاریخوں کے منتظر ہیں جبکہ ان کی جگہ وزارت خارجہ میں نئے ناموں پر بھی غور ہو رہا ہے جن میں وزارت خارجہ کی ایڈیشنل سیکرٹری برائے یورپ عائشہ علی بھی شامل ہیں جبکہ لندن میں پاکستان کے ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل جو حال ہی میں اپنی متعینہ مدت پوری ہونے کے بعد وزارت خارجہ میں نئی ذمہ داریوں کے منتظر ہیں انکا نام بھی نئے ترجمان کی حیثیت زیرغور ہے۔

☆☆☆

فیفا ورلڈ کپ: میئر کراچی لیاری کی عوام کیساتھ افتتاحی میچ سے لطف اندوز ہوئے

بلاول بھٹو کی ہدایات پر کراچی میں کھیلوں کے لیے اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، میئر کراچی

کراچی (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ کا رنگ | سیاسی شخصیات پر بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

چیئرمین بزنس مین گروپ (بی ایم جی) زبیر موتی والا جمعہ کو وزیرخزانہ کی بجٹ تقریر کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔ اس موقع پر وائس چیئرمین بی ایم جی جاوید بلوانی اور میاں ابرار احمد، قائم مقام صدر محمد رضا، نائب صدر محمد عارف لاکھانی، سابق صدر جنید اسماعیل ماکڈا، محمد ادریس، افتخار احمد شیخ، چیئرمین فیڈرل ٹیکسیشن سب کمیٹی ابوبکر شمسی، درشہوار نثار اور کے سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

پورٹ قاسم میں میڈیکل سہولیات کے خاتمہ پر سی بی اے کا احتجاج

مزدوروں کے سالانہ چارٹر آف ڈیمانڈ میں غیر ضروری کٹوتیاں کی گئیں، مزدور رہنما

کراچی (این این آئی) پورٹ قاسم اتھارٹی | میں ملازمین کی میڈیکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ممتاز و سینئر صحافی قومی اخبار گروپ کے سابقہ چیف رپورٹر اور کراچی پریس کلب کے اہم ممبر سید صابر علی رضائے الٰہی سے گزشتہ روز انتقال کر گئے مرحوم کی ایک تقریب کے موقع پر علیم نواب خان، ندیم شیخ ایڈووکیٹ کے ہمراہ لی گئی یادگار تصویر

روزنامہ قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ "قوم کی آواز" کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

امریکہ۔ایران جنگ بندی کی خلاف ورزیاں۔۔۔!

امریکہ نے بدھ اور جمعرات کی درمیانی رات ایران پر دوبارہ باقاعدہ حملے کیے۔ میناب، سیرک اور جزیرہ کیش کے علاوہ اِس کی مشہور بندرگاہ بندرعباس میں بھی دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حملوں کے بعد ایران کے صوبہ فارس اور مغربی تہران میں ڈیفنس دفاعی نظام متحرک کر دیا گیا تھا جبکہ ایران اور امریکہ کی فوجوں کے درمیان سمندر میں بھی جھڑپیں شروع ہوگئی تھیں۔ ایرانی افواج نے امریکی بحری جہازوں کو ڈرون اور میزائلوں سے نشانہ بنایا جبکہ تہران پر امریکی لڑاکا طیاروں کی پروازوں کی اطلاعات بھی سامنے آرہی تھیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ ''سینٹ کام'' کے حکام کا کہنا تھا کہ امریکہ نے ایران کے متعدد علاقوں کو نشانہ بنانے کے علاوہ اِس کا کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر تباہ کر کے جوابی حملوں کا سلسلہ مکمل کر لیا تاہم امریکی صدر ٹرمپ نے جمعرات کو رات گئے ایران پر دوبارہ سخت حملے کرنے کا مژدہ سنایا۔ دوسری جانب پاسدارانِ انقلاب کا دعویٰ تھا کہ اُنہوں نے اُردن، بحرین اور کویت کے علاوہ خطے کے دیگر امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا۔ پاسدارانِ انقلاب کا کہنا تھا کہ جنوبی ایران میں امریکی جارحیت کے جواب میں ایرانی حملوں میں طویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائل استعمال کئے گئے۔ امریکی حملوں کے نقصانات سے متعلق پاسداران کا کہنا تھا کہ اِن سے سرک میں ٹیلی کمیونیکیشن ٹاور کو نقصان پہنچا جبکہ دو واٹر ٹینک تباہ ہونے سے پانی کی تقسیم کا انفراسٹرکچر شدید متاثر ہوا اور ہزاروں افراد پینے کے پانی سے محروم ہو گئے۔ ایرانی وزارتِ خارجہ نے ''ایکس'' پر امریکی حملوں کو اقوامِ متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہیلی کاپٹر حادثے کو ایران پر حملوں کا بہانہ بنایا گیا، ایرانی مسلح افواج نے امریکی حملوں کے جواب میں اپنا حق دفاع استعمال کرتے ہوئے خطے میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا۔ اِس سے قبل ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی نے ''ایکس'' پر بیان میں خبردار کیا تھا کہ اگر امریکہ محفوظ رہنا چاہتا ہے تو خطے سے نکل جائے، اِس نے میدانِ جنگ میں ناکامیوں کے باوجود ایران کے عزم کو آزمانے کا فیصلہ کیا ہے، ایران کی طاقتور مسلح افواج کسی بھی حملے یا دھمکی کا جواب دیے بغیر نہیں رہیں گی۔ اِس سے قبل تہران میں آیت اللہ خمینی کی برسی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ جنگ ایران کے مفاد میں نہیں ہے لیکن دھمکیوں سے جھکنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا، دشمن کا ایران کو بیرونی جارحیت کے سامنے جھکانے کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا۔

اے پی ایم ایس او کا 48 واں یوم تاسیس میر پور خاص میں بھی روایتی جوش وخروش سے منایا گیا

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) اے پی ایم ایس او کا 48 واں یوم تاسیس میر پور خاص میں بھی روایتی جوش وخروش سے منایا گیا۔ اس سلسلے میں ایم کیو ایم (پاکستان) میر پور خاص ڈسٹرکٹ کے تحت میر پور خاص ڈسٹرکٹ آفس میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد ہوا جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ماہ محرم الحرام ایثار، صبر وتحمل اور قربانی کا مہینہ ہے، ڈویژنل کمشنر شہمیر بھٹو

اجلاس میں سبھاش چندر، میئر عبدالرؤف غوری، نواب سمیر حسین لغاری، ڈاکٹر ماجد خان، محمد حسن جسکانی، ڈاکٹر نچل رائے، محمد ابراہیم کنبھر، انیس الرحمان سیال ودیگر شریک

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) ڈویژنل کمشنر شہمیر بھٹو نے کہا ہے کہ ماہ محرم الحرام ایثار، صبر وتحمل اور قربانی کا مہینہ ہے جو ہمیں حضرت امام حسین علیہ السلام ان کے اصحاب وانصار کی دین کی بقا کی خاطر عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر سیٹی ہال میں ماہ محرم الحرام کے سلسلے میں حفاظتی انتظامات اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لینے کے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سندھ کے حصے کے پانی میں مسلسل کمی 1991ء کے پانی معاہدے کی روح اور اصولوں کی خلاف ورزی کے مترادف ہے، سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو

جیکب آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے کہا ہے کہ سندھ کے حصے کے پانی میں مسلسل کمی 1991ء کے پانی معاہدے کی روح اور اصولوں کی خلاف ورزی کے مترادف ہے، انہوں نے کہا کہ سندھ میں پانی کی شدید قلت کے باعث خشک سالی جیسی صورتحال پیدا ہو رہی ہے جبکہ چشمہ، جہلم اور تونسہ، پنجند کینالوں کے ذریعے غیر قانونی طور پر پانی کا حصول پنجاب کی زیادتی اور بالادستی کا ثبوت ہے، ایس پریس ریلیز جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری کی جانب سے جاری کی گئی، علامہ راشد محمود سومرو نے کہا کہ پانی کی کمی سندھ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

وائی ڈی اے سندھ نے ڈاکٹر مہنور پر تیزاب حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ڈاکٹروں کے تحفظ کا مطالبہ کر دیا

کراچی (رپورٹ؛ پیر بخش نوناری) کراچی وائی ڈی اے سندھ کے صدر ڈاکٹر واریس علی نے جنرل سیکریٹری ڈاکٹر محسن مینگل اور سینئر نائب صدر ڈاکٹر ذیشان سعیدی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پولیس اہلکار خالد مری قتل کیس میں نامزد ملزمان کو عدالت میں پیش کیا گیا جہاں عدالت نے ملزمان کا 6 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) پولیس اہلکار خالد مری قتل کیس میں نامزد ملزمان کو عدالت میں پیش کیا گیا جہاں عدالت نے ملزمان کا 6 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا تفصیلات کے مطابق پولیس اہلکار خالد مری قتل کیس میں انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت نامزد تین ملزمان عالی بروہی، تابش مری اور محمد حسن مری کو فرسٹ ایڈیشنل سیشن جج میر پور خاص کی عدالت میں پیش کیا گیا جہاں عدالت نے فریقین کے دلائل سننے کے بعد تینوں ملزمان کا 6 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

حضرت بابا فریدالدین گنج شکر کے 784 ویں سالانہ عرس کے آغاز پر شاکر حسین شاکر کی رہائش گاہ پر روحانی تقریب

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) حضرت بابا فریدالدین گنج شکر کے 784 ویں سالانہ عرس کے آغاز پر روحانی تقریب کا انعقاد تفصیلات کے مطابق حضرت بابا فریدالدین مسعود گنج شکر کے 784 ویں سالانہ عرس مبارک کے پاکپتن شریف میں آغاز کی خوشی میں میر پور خاص کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت شاکر حسین شاکر کی رہائش گاہ پر ایک پروقار روحانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

میر پور خاص میں ایزی پیسہ سروس میں تعطل، لاکھوں صارفین کو مشکلات کا سامنا

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) ایزی پیسہ سروس میں تعطل، لاکھوں صارفین کو مشکلات کا سامنا۔ تفصیلات کے مطابق ملک کی معروف ڈیجیٹل مالیاتی سروس "ایزی پیسہ" گذشتہ 10 سے 12 گھنٹوں کے دوران تکنیکی خرابی کا شکار رہی، جس کے باعث ملک بھر میں لاکھوں صارفین کو مختلف مالیاتی خدمات کے استعمال میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تفصیلات کے مطابق سروس میں تعطل کے باعث صارفین لاگ اِن کرنے، رقوم کی منتقلی، یوٹیلٹی بلوں کی ادائیگی اور دیگر ڈیجیٹل مالیاتی سہولیات سے استفادہ کرنے میں مشکلات کا شکار رہے۔ ملک کے مختلف شہروں سے صارفین کی بڑی تعداد نے شکایات درج کروائیں جبکہ سوشل میڈیا پر بھی اس حوالے سے شدید ردعمل دیکھنے میں آیا ایزی پیسہ انتظامیہ کی جانب سے جاری بیان میں تصدیق کی گئی کہ بعض صارفین تکنیکی مسئلے کے باعث سروس میں خلل سے متاثر ہوئے ہیں کمپنی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

کوٹ غلام محمد کے قریب مبینہ طور پر منشیات کے عادی شخص نے اپنے ہی بھائی کو قتل کر دیا

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) کوٹ غلام محمد کے نزدیک نواحی گاؤں چوبیس میل موری میں منگل کو ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جس میں مبینہ طور پر منشیات کے عادی شخص نے اپنے ہی بھائی کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق علی محمد نامی ملزم نے 100 روپے مانگے، جب راشد نے رقم دینے سے انکار کیا تو شدید غصے میں آکر چھری کے وار کر دیے۔ حملے کے نتیجے میں راشد شدید زخمی ہو گئے اور بعد ازاں اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ دیا۔ جائے وقوعہ پر پہنچنے والی کوٹ غلام محمد پولیس کی ٹیم نے لاش کو تحویل میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

تبلیغی جماعت کا نوجوان جمراؤ کینال میں ڈوب گیا، ریسکیو اہلکاروں نے نوجوان کی نعش کو جمراؤ کینال سے ڈھونڈ نکالا

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) تبلیغی جماعت کا نوجوان جمراؤ کینال میں ڈوب گیا، ریسکیو اہلکاروں نے نوجوان کی نعش کو جمراؤ کینال سے ڈھونڈ نکالا تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

جیکب آباد، مایوں میں بیٹھی دلہن شادی سے ایک دن قبل بے دردی سے قتل، شادی کی خوشیاں ماتم میں تبدیل

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد، مایوں میں بیٹھی دلہن شادی سے ایک دن قبل بے دردی سے قتل، شادی کی خوشیاں ماتم میں تبدیل۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل کھٹل کے سی سیکشن تھانے کی حدود میں واقع گاؤں گل خان بنگلانی میں مایوں میں بیٹھی ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

عالیان شہید کی یاد میں دعائیہ تقریب، سماجی وسیاسی شخصیات اور معصوم بچوں کی بڑی تعداد کی شرکت

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) معصوم بچے عالیان شہید کی یاد میں ہم خیال فورم میر پور خاص کے زیرِ اہتمام میر پور خاص میں ایک پُر اثر دعائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں سماجی، سیاسی، صحافتی اور عوامی حلقوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات سمیت معصوم بچوں کی بڑی تعداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

GOLD RATE

سونا 24K۔(10 گرام)	364,369
سونا 24K۔(فی تولہ)	425,000
سونا 22K۔(10 گرام)	334,005
سونا 22K۔(فی تولہ)	389,684
چاندی۔(10 گرام)	6985

نماز ٹائمنگ

فجر	5:21 am
ظہر	12:16 pm
عصر	4:16 pm
مغرب	5:52 pm
عشاء	7:09 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	270/kg
برائلر مرغی کا گوشت	430/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	4980
انڈے (فارم) ریٹیل	169(Dozen)

ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	0:00	8:10
ہزارہ ایکسپریس	6:15	6:00
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	10:35	10:25
کراچی ایکسپریس	4:30	0:00
بہاؤالدین زکریا	5:50	4:40
شالیمار ایکسپریس	6:00	6:16
پاکستان ایکسپریس	0:00	8:35
گرین لائن	0:00	1:55
تیز گام	5:30	0:00

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	282.5	282.8
یورو	331.95	335.45
برطانوی پونڈ	381.1	384.1
امارات درہم	76.8	77.8
سعودی ریال	75.7	76.35
کویتی دینار	902.50	912.00
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

شیخ محمد بن زاید النہیان کی جانب سے مارٹن ایل ایڈل مین کو آرڈر آف دی یونین سے نوازنے کی تقریب

مارٹن ایل ایڈل مین کا شیخ محمد بن زاید النہیان کا شکریہ، یو اے ای کی اقتصادی وژن اور عالمی سرمایہ کاری ماڈل کو قابل تقلید قرار دیا

مارٹن ایل ایڈل مین کی قانونی اور مشاورتی خدمات کو شیخ محمد بن زاید النہیان کی جانب سے سراہا گیا، عالمی تعلقات کے فروغ میں اہم کردار

شیخ خالد بن محمد بن زاید، شیخ سیف بن زاید اور دیگر اعلیٰ شخصیات کی تقریب میں شرکت، ابوظہبی میں اعزاز دینے کی تقریب منعقد

ابوظہبی (بزنس رپورٹر) متحدہ عرب امارات کے صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید النہیان نے ممتاز قانونی ماہر اور بین الاقوامی مشیر مارٹن ایل ایڈل مین کو ''آرڈر آف دی یونین'' سے نواز دیا۔ یہ اعزاز انہیں متحدہ عرب امارات کی عالمی اسٹریٹجک شراکت داریوں کے فروغ اور ملکی اقتصادی وژن کی حمایت میں ان کے نمایاں کردار کے اعتراف میں دیا گیا۔ شیخ محمد بن زاید النہیان نے مارٹن ایل ایڈل مین کی دہائیوں پر محیط خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے متحدہ عرب امارات میں مختلف سرمایہ کاری اور اقتصادی اداروں کے ساتھ مل کر اہم قانونی اور مشاورتی خدمات انجام دیں۔ ان کی کوششوں سے نہ صرف بین الاقوامی تعلقات مضبوط ہوئے بلکہ یو اے ای کی عالمی سطح پر کاروباری اور سرمایہ کاری مرکز کے طور پر حیثیت بھی مستحکم ہوئی۔ صدر امارات نے اس بات پر زور دیا کہ مارٹن ایل ایڈل مین کی خدمات نے عالمی شراکت داریوں کو فروغ دینے اور اقتصادی ترقی کو تیز کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، جو کہ ملک کی طویل مدتی ترقیاتی حکمت عملی کا حصہ ہے۔ اس موقع پر مارٹن ایل ایڈل مین نے شیخ محمد بن زاید النہیان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس اعزاز کو اپنے لیے باعثِ فخر سمجھتے ہیں۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات کے وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ایک ایسا ماڈل ہے جو عالمی اسٹریٹجک شراکت داریوں اور پائیدار سرمایہ کاری پر مبنی ہے، خاص طور پر جدت اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں، جو ملک کو دنیا کے لیے ایک مثالی نمونہ بناتا ہے۔ تقریب اعزاز میں ابوظہبی کے ولی عہد شیخ خالد بن محمد بن زاید النہیان، نائب وزیر اعظم اور وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل شیخ سیف بن زاید النہیان، شیخ ذیاب بن زاید النہیان، زاید اتھارٹی برائے عزم کے حامل افراد کے چیئرمین شیخ خالد بن زاید النہیان، صدر کے مشیر شیخ محمد بن حمد بن طحنون النہیان سمیت متعدد معزز شخصیات اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ یہ تقریب متحدہ عرب امارات کی جانب سے عالمی شخصیات کی خدمات کو تسلیم کرنے اور بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے کے عزم کی عکاسی کرتی ہے، جو ملک کو ایک مضبوط اور ترقی یافتہ عالمی معیشت کے طور پر مزید مستحکم بنا رہی ہے۔

جرمن چانسلر فریڈرش مرز کا برلن ایئر شو میں ایمریٹس کے اے 380 طیارے کا دورہ

فریڈرش مرز کا آئی ایل اے برلن ایئر شو 2026 میں ایمریٹس کے اے 380 طیارے کا دورہ، سرٹم کلارک اور وولکر گرائنر نے استقبال کیا

فریڈرش مرز کے ہمراہ کائی ویگنر اور ڈاکٹر ڈائٹمار روونڈ کے کی شرکت، برلن ایئر شو میں ایمریٹس کے سب سے بڑے طیارے کا معائنہ

ایمریٹس کا اے 380 طیارہ آئی ایل اے برلن میں 2010 سے مستقل شرکت، جرمنی اور یورپ کے ساتھ مضبوط تعلقات کی عکاسی کرتا ہے

برلن (بزنس رپورٹر) جرمنی کے چانسلر فریڈرش مرز نے آئی ایل اے برلن 2026 ایئر شو کے افتتاح کے موقع پر ایمریٹس کے جدید ترین اے 380 طیارے کا دورہ کیا، جو نمائش میں شریک سب سے بڑا اور منفرد طیارہ ہے۔ جرمن چانسلر کا استقبال ایمریٹس ایئر لائن کے صدر سرٹم کلارک اور شمالی و وسطی یورپ کے نائب صدر وولکر گرائنر نے کیا۔ اس موقع پر برلن کے گورننگ میئر کائی ویگنر اور برانڈن برگ کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر ڈائٹمار روونڈ کے بھی موجود تھے، جنہوں نے طیارے کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ایمریٹس ایئر لائن 10 سے 14 جون تک جاری رہنے والی اس عالمی نمائش میں اپنے چار درجوں پر مشتمل اے 380 طیارے کے ساتھ شرکت کر رہی ہے۔ برلن ایکسپو سینٹر ایئر پورٹ میں پیش کیا جانے والا یہ طیارہ نہ صرف واحد اے 380 ہے بلکہ نمائش میں موجود سب سے بڑا طیارہ بھی ہے، جو شائقین اور ماہرین کی خصوصی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ایمریٹس کا اے 380 طیارہ 2010 سے آئی ایل اے برلن ایئر شو کا مستقل حصہ رہا ہے، جو جرمنی اور یورپ کی منڈیوں کے ساتھ ایئر لائن کے مضبوط اور دیرینہ تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ شرکت نہ صرف ایمریٹس کی عالمی حیثیت کو ظاہر کرتی ہے بلکہ یورپی مارکیٹ میں اس کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کو بھی اجاگر کرتی ہے۔ ایمریٹس ایئر لائن 1987 سے جرمنی میں اپنی خدمات فراہم کر رہی ہے اور اس وقت فرینکفرٹ، میونخ، ہیمبرگ اور ڈسلڈورف کے لیے روزانہ پروازیں چلا رہی ہے۔ ایئر لائن نے مستقبل میں برلن اور اشٹٹگارٹ کے لیے بھی روزانہ باقاعدہ پروازیں شروع کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ کمپنی کے مطابق ان نئے روٹس کے آغاز سے مسافروں کو ایک ہی اسٹاپ کے ذریعے دنیا بھر کے تقریباً 50 مقامات تک آسان رسائی حاصل ہوگی، جبکہ اس اقدام سے نہ صرف سیاحت کو فروغ ملے گا بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے، جو دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔

☆☆☆

بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

ایڈیشنل کمشنر سبھاش چندر، میئر عبدالرؤف غوری، ڈپٹی کمشنر نواب سمیر حسین لغاری، سول سرجن سول ہسپتال ڈاکٹر ماجد خان، ایس ایس پی ایسٹ برانچ محمد حسن جسکانی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر میر پور خاص ڈاکٹر اچھیل رائے، ڈسٹرکٹ مینجر پی پی ایچ آئی اے محمد ابراہیم کھنبر، میونسپل کمشنر انیس الرحمان سیال، ڈپٹی کنٹرولر سول ڈفینس فہیم میمن، ڈپٹی چیف وارڈن سول ڈفینس خلیل اللہ خان، ڈائریکٹر سیکنڈری اسکولز محمد اقبال کھنبر، ڈائریکٹر پرائمری اسکولز محمد رمضان خاصخیلی، اراکین امن کمیٹی سید حزہ علی نقوی، سید عمیر نقوی، ڈاکٹر ثاقب کاظمی، جیسکو امیر محمد میمن، ریسکیو 1122 کے انچارج رشید احمد، پاک ٹیلی کمیونیکیشن کے ظہیر احمد اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر عمر کوٹ نوید الرحمان لاڑک، ایس ایس پی عمر کوٹ سہانی عزیز ناپلیر، ڈپٹی کمشنر تھرپارکر عبدالحلیم جاگیرانی اور ایس ایس پی تھرپارکر نے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی. اجلاس میں میئر عبدالرؤف غوری نے بتایا کہ میونسپل کارپوریشن میر پور خاص کی جانب سے جلوسوں کے گذرگاہوں کے درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے کام کا آغاز کر دیا گیا ہے اور جہاں جہاں پینے کے پانی کی ضرورت ہوگی وہاں پینے کے پانی کی فراہمی ممکن بنائی جائے گی اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر میر پور خاص ڈاکٹر اچھل رائے نے بتایا کہ جلوسوں میں صحت کی ضروری سہولیات فراہم کرنے کے لیے ضلع اور تحصیل سطح پر کنٹرول روم اور فوکل پرسن مقرر کئے گئے ہیں اور ہسپتالوں میں ایمبولینس، ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف، ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے سپرنٹنڈنٹ انجینیر جیسکو امیر محمد میمن نے کہا کہ جیسکو کی جانب سے منتظمین کی مجالس اور جلوسوں کے شیڈول کے تحت بجلی کی فراہمی ممکن بنائی جائے گی. کمشنر میر پور خاص شمیر بھٹو نے تمام متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے اضلاع میں جلوسوں کے گذرگاہوں کا از خود معائنہ کریں اور درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام اداروں کے ساتھ باہمی تعاون، رابطہ کاری اور بہتر حکمت اختیار کی جائے تاکہ کسی بھی شکایات کا بروقت ازالہ کیا جا سکے. انہوں نے محکمہ پولیس، صحت، جیسکو، بلدیاتی اداروں کو ہدایت کی وہ اپنے اپنے اضلاع میں محرم الحرام کے سلسلے میں کالعدم تنظیمی پلان ترتیب دیں اور اسی کے مطابق اپنی ذمہ داری سرانجام دی جائیں. اجلاس میں ڈپٹی انسپکٹر آف پولیس میر پور خاص رنج آفس کے نعیم احمد نے بتایا کہ عشرہ محرم الحرام میں ڈویژن بھر کے 162 امام بارگاہوں میں 728 مجالس، اور 1050 جلوس برآمد ہوں گے اس ضمن میں ڈویژن بھر میں 3089 پولیس اہلکار حفاظتی ڈیوٹی پر معمور ہوں گے اور تمام حفاظتی انتظامات کو ممکن بنایا جائے گا.

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

نوجوان دلہن کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا، واقعے کے بعد شادی کی خوشیاں ماتم میں تبدیل ہو گئیں، اطلاعات کے مطابق ملزم زاہد بگلانی نے اپنے 5 دیگر ساتھیوں کے ہمراہ نوجوان لڑکی جنت خاتون کو مبینہ طور پر شادی سے انکار پر گولیاں مار کر قتل کر دیا، مقتولہ کی لاش ضروری کارروائی کے لیے تعلقہ اسپتال ٹھل منتقل کر دی گئی، مقتولہ کی والدہ حسینہ خاتون کے مطابق ان کی بیٹی جنت خاتون مایوں میں بیٹھی تھی اور اس کا نکاح اگلے روز شکل بگلانی کے ساتھ طے تھا انہوں نے الزام عائد کیا کہ ملزم زاہد بگلانی اپنے بھائیوں اور دیگر کے ہمراہ موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر گھر پر حملہ کر کے ان کی بیٹی کو گولیاں مار کر قتل کر دیا، مقتولہ کے بھائی نظر محمد بگلانی نے بتایا کہ ان کی بہن کا رشتہ شکل بگلانی کے ساتھ طے تھا اور اگلے روز اس کا نکاح ہونا تھا ان کے بقول ملزم زاہد بگلانی زبردستی ان کی بہن سے شادی کرنا چاہتا تھا اور اسی رنجش پر اس نے فائرنگ کر کے اسے قتل کر دیا، ورثا نے پولیس اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزم کو فوری گرفتار کر کے سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور مقتولہ کے اہل خانہ کو انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

نے شرکت کی۔ تقریب میں عالیان شہید کے ایصالِ ثواب کے لیے خصوصی دعا کی گئی جبکہ مقررین نے اس المناک سانحے کو پورے معاشرے کا اجتماعی دکھ قرار دیتے ہوئے صحت کے نظام میں موجود خامیوں اور بنیادی طبی سہولیات کی کمی پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ اس موقع پر معروف سماجی و عوامی شخصیات ملک محمود حسین صابری، فیصل خان زئی، ذیشان عثمانی، بشیر الٰہی محمدی، سلیم ملک، رضی انصار، امام بلوچ، معیز احمد پاکستانی، ملک محمد اقبال، امجد سمرو اور افشین سمیت دیگر سماجی و سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی اور عالیان شہید کے اہلِ خانہ سے اظہارِ تعزیت اور یکجہتی کی۔ مقررین نے کہا کہ عالیان کی المناک موت صرف ایک خاندان کا نقصان نہیں بلکہ صحت کے شعبے میں موجود سنگین مسائل کی نشاندہی بھی ہے۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ سرکاری اسپتالوں میں معیاری طبی سہولیات، ادویات اور تربیت یافتہ طبی عملے کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ انسانی جانوں کے تحفظ، صحت کے بنیادی حقوق اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے۔ تقریب کے اختتام پر عالیان شہید کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی خصوصی دعا کی گئی۔ عالیان. ہم شرمندہ ہیں، تیری شہادت کے محرکات ابھی زندہ ہیں۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

میں رکن سندھ خصّی لیمنی شفیق احمد، ڈسٹرکٹ انچارج خالد تبسم، جوائنٹ ڈسٹرکٹ انچارجز آفاق احمد خان، سلیم میمن، محمود عباسی و اراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی، تمام یونیز کے ذمہ داران و کارکنان، اے پی ایم ایس او، ایلڈرز وِنگ اور شعبہ خواتین سمیت دیگر تمام شعبہ جات کے ذمہ داران و کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس سلسلے میں شہر بھر کو پارٹی پرچموں، برقی قمقموں اور تہنیتی بینرز سے سجایا گیا تھا۔ اس موقع پر بچوں، بزرگوں بالخصوص نوجوانوں کا جذبہ دیدنی تھا جو مختلف ریلیوں کی شکل میں ڈسٹرکٹ آفس پہنچے اور اے پی ایم ایس او اور ایم کیو ایم (پاکستان) کے حق میں فلک شگاف نعرے بلند کرتے رہے۔ بعد ازاں اے پی ایم ایس او کے 48 ویں یوم تاسیس کا کیک کاٹا گیا اور ذمہ داران و کارکنان نے ایک دوسرے کو مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر ذمہ داران و کارکنان میں کیک اور مٹھائیاں تقسیم کی گئیں۔ علاوہ ازیں رکن STC شفیق احمد، ایم کیو ایم پاکستان میر پور خاص ڈسٹرکٹ کے انچارج خالد تبسم، جوائنٹ ڈسٹرکٹ انچارجز آفاق احمد خان، سلیم میمن نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 11 جون 1978ء مظلوم طبقہ کی تقدیر بدلنے کے فیصلے کا دن ہے۔ اے پی ایم ایس او متوسط طبقہ کی قیادت کی نرسری ہے۔ تحریکی شہداء ▯ کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے مقدس لہو سے اس تحریک کی آبیاری کی۔ آج عہد کرتے ہیں کہ اپنے اسلاف کی علمی روایات کو زندہ رکھتے ہوئے ترقی پسند پاکستان کی تعمیر کے لئے دن رات ایک کریں گے اور ایسا معاشرہ تشکیل دیں گے جہاں میرٹ اور علم کو موروثی و خاندانی سیاست پر فوقیت حاصل ہو۔ قلم اور کتاب کی طاقت سے ملک کو درپیش بحرانوں سے نبرد آزما ہوں گے۔

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

کے کر پوسٹ مارٹم اور قانونی کارروائی کے لیے تعلقہ اسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر لیے ہیں اور ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں۔ واقعے کی مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ تفتیش کے دوران حتمی اسباب کا تعین کیا جائے گا اور ضرورت پڑنے پر مقدمہ درج کر کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق ماہر تکنیکی یمیں مسئلے کے مکمل حل اور خدمات کی بحالی کے لیے مسلسل کام کر رہی ہیں تاکہ صارفین کو جلد از جلد معمول کی سہولیات فراہم کی جا سکیں دوسری جانب سروس میں طویل تعطل نے صارفین میں تشویش پیدا کر دی ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ اتنے بڑے اور وسیع پیمانے پر استعمال ہونے والے پلیٹ فارم پر اچانک خرابی کی وجوہات اور مکمل بحالی کے وقت کے بارے میں واضح معلومات فراہم کی جانی چاہئیں۔

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کی صدارت بزمِ فیضانِ فرید میر پور خاص ڈویژن کے صدر شاکر حسین شاکر نے کی جبکہ بزمِ فیضانِ فرید کے ضلعی صدر بشیر احمد غوری، سٹی صدر اسحاق راٹھور سمیت عاشقانِ بابا فرید کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شاکر حسین شاکر نے کہا کہ حضرت بابا فرید الدین گنج شکر کا عرس مبارک امتِ مسلمہ کے لیے روحانی فیوض و برکات کا عظیم ذریعہ ہے انہوں نے کہا کہ یہ ان کے لیے باعثِ سعادت ہے کہ انہوں نے 1999ء میں پاکپتن شریف میں قادری فریدی ڈیرے کی بنیاد رکھی جہاں آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہزاروں عقیدت مند روحانی تربیت اور فیوض و برکات حاصل کر رہے ہیں انہوں نے تمام عقیدت مندوں اور زائرین کو قادری فریدی ڈیرے پر آنے کی دعوت دیتے ہوئے اعلان کیا کہ یکم محرم الحرام سے 5 محرم الحرام تک پاکپتن شریف میں زائرین کے لیے خصوصی لنگر کا اہتمام کیا جائے گا تقریب کے دوران شرکاء ▯ کو چشتیہ رنگ پیش کیا گیا اور استقبالِ عرسِ مقدس حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کی مناسبت سے مٹھائیاں بھی تقسیم کی گئیں تقریب کے

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرتے ہوئے انہیں مزید تفتیش کے لیے پولیس کے حوالے کر دیا اس موقع پر کیس کے تفتیشی افسر محمد رحیم گوپانگ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ملزمان کو گرفتار کرنے کے بعد ضابطے کے مطابق عدالت میں پیش کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ عدالت کی جانب سے 6 روزہ جسمانی ریمانڈ دیا گیا ہے جس کے دوران ملزمان سے مزید تفتیش کی جائے گی تفتیشی افسر کا کہنا تھا کہ یہ مقدمہ انسدادِ دہشت گردی ایکٹ کے تحت درج کیا گیا ہے اور قانون کے مطابق کیس کی تفتیش کا مکمل مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے گا انہوں نے بتایا کہ تفتیشی مراحل جاری ہیں اور شواہد کی روشنی میں مزید پیش رفت کی جائے گی واضح رہے کہ پولیس اہلکار خالد مری کے قتل کے مقدمے میں نامزد ملزمان کی گرفتاری کے بعد پولیس مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کر رہی ہے جبکہ کیس کی آئندہ سماعت پر تفتیشی پیش رفت عدالت کے روبرو پیش کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

ہمراہ کوئٹہ میں ڈاکٹر مہسور پر ہونے والے حالیہ تیزاب حملے کی شدید مذمت کی اور ان کے اہلِ خانہ سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ڈاکٹر وارلیس علی نے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹروں کے تحفظ سے متعلق قانون کو فوری طور پر نافذ کیا جائے اور اسپتالوں میں مؤثر حفاظتی انتظامات کیے جائیں تاکہ طبی عملے کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں کے خلاف تشدد کسی صورت قابلِ قبول نہیں اور اس واقعے میں ملوث افراد کو فوری طور پر قانون کے مطابق سزا دی جانی چاہیے وائی ڈی اے سندھ نے آئندہ بجٹ میں ہاؤس افسران، تخصصی تربیت حاصل کرنے والے ڈاکٹروں اور نوجوان ڈاکٹروں کے ماہانہ وظیفوں میں اضافے کا بھی مطالبہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور اخراجاتِ زندگی نے طبی شعبے سے وابستہ نوجوان ڈاکٹروں پر شدید مالی دباؤ ڈال دیا ہے، اس لیے ان کے وظیفوں میں مناسب اضافہ ناگزیر ہے

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

آبادگاروں، مزدوروں اور عام شہریوں کی زندگیوں پر منفی اثرات مرتب کر رہی ہے، پانی نہ ملنے کے باعث زرعی زمینیں بنجر ہو رہی ہیں، فصلوں کی پیداوار کم ہو رہی ہے اور معاشی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں جس کے براہ راست اثرات عوام کے روزگار اور معیشت پر پڑ رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ سندھ ایک زرعی صوبہ ہے جس کی معیشت کا انحصار دریائے سندھ کے پانی پر ہے، پانی کی قلت نہ صرف زراعت کو نقصان پہنچا رہی ہے بلکہ ماحولیاتی تباہی، زمینوں کی زرخیزی میں کمی اور پینے کے صاف پانی کے بحران کو بھی جنم دے رہی ہے، علامہ سومرو نے مطالبہ کیا کہ آئین اور قانون کے مطابق سندھ کو اس کے مقررہ حصے کا پانی فراہم کیا جائے اور پانی کی تقسیم مکمل انصاف، شفافیت اور قانونی اصولوں کے تحت یقینی بنائی جائے، انہوں نے زور دیا کہ سندھ کے ساتھ ہونے والی پانی کی ناانصافی کا فوری نوٹس لیا جائے اور سندھ کے حصے کا پانی بلا رکاوٹ فراہم کیا جائے، انہوں نے خبردار کیا کہ اگر سندھ کے آبی حقوق کا تحفظ نہ کیا گیا اور منصفانہ تقسیم کو یقینی نہ بنایا گیا تو عوام میں بے چینی بڑھے گی جس کی ذمہ داری متعلقہ اداروں اور حکمرانوں پر عائد ہوگی، انہوں نے مزید کہا کہ سندھ کے عوام کے آئینی، قانونی اور تاریخی حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق جمراؤ کینال ایسٹ برانچ ٹول پلازہ کے قریب ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں تبلیغی جماعت کے ساتھ آئے والا 18 سالہ نوجوان سکندر علی ولد میاں بخش مری نہاتے ہوئے کینال میں ڈوب گیا نوجوان درگاہ چمن شاہ کے قریب واقع گاؤں علی بخش تالپور کا رہائشی بتایا جاتا ہے اطلاعات کے مطابق سکندر علی تبلیغی جماعت کے ساتھ علاقے کی ایک مسجد میں مقیم تھا فجر کی نماز کے بعد وہ اپنے ساتھیوں کے منع کرنے کے باوجود نہانے کے لیے جمراؤ کینال پر چلا گیا ساتھیوں کے مطابق نوجوان نے کینال میں چھلانگ لگائی تاہم وہ تیزرو کا اور پانی کی تیز لہروں میں بہہ کر لاپتہ ہو گیا واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی افراد، پولیس اور تبلیغی جماعت کے کارکن بڑی تعداد میں جائے وقوعہ پر پہنچ گئے نوجوان کے ساتھیوں نے بتایا کہ انہوں نے اسے بچانے کی کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہو سکے اس موقع پر ایس ایچ او تعلقہ مجیب الرحمٰن ناریجو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی تھی جبکہ ریسکیو اداروں اور ضلعی انتظامیہ کو بھی آگاہ کر دیا گیا تھا دوسری جانب یونین کونسل دولت پور کے وائس چیئرمین قادر بخش لغاری نے بتایا کہ واقعے کے فوراً بعد ریسکیو 1122 کو اطلاع دی گئی۔ ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچی اور نوجوان کی تلاش شروع کی ریسکیو ٹیم کے ساتھ مقامی افراد نے بھی نوجوان کی تلاش میں مدد کی۔

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

ہزاروں ارب روپے کا ریونیو دیتا ہے اور اتنا کم ترقیاتی پیکج ناکافی ہے۔ فاروق ستار نے کہا کہ کراچی کے لیے 10 ارب روپے اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہیں۔ ایم کیو ایم نے گورنر سندھ کا عہدہ واپس دینے کا مطالبہ دہرایا اور کہا کہ گورنر شپ ایم کیو ایم کا حق ہے، جس پر حکومت نے کوئی واضح جواب نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیکل 140 اے میں ایم کیو ایم کی مجوزہ ترمیم پر بھی کوئی ٹائم لائن نہیں دی گئی، حکومت کی یقین دہانیاں ناکافی ہیں صرف جواہات پر اتحاد نہیں کر سکتے، موجودہ بجٹ عوامی توقعات پر پورا نہیں اتر رہا۔ فاروق ستار نے کہا کہ عالمی سطح پر پاکستان کے لیے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں، بجٹ کو عوام دوست بنایا جانا چاہیے تھا، مگر ایسا نظر نہیں آ رہا، بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا لیکن ٹیکسوں کا بوجھ بدستور موجود ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پاکستان کا اصل مسئلہ بالواسطہ ٹیکسوں کی بھرمار ہے، سیلز ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی کی شرح کم کی جائے، بالواسطہ ٹیکس کم ہوں تو بجلی، گیس اور تیل کی قیمتوں میں کمی آ گے گی۔ ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ توانائی کی قیمتیں کم ہونے سے عوام کا معیارِ زندگی بہتر ہوگا، کاروبار اور سرمایہ کاری کی لاگت کم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، ٹیکسوں کے بوجھ میں کمی سے معیشت اور صنعتوں کو فروغ ملے گا، زیادہ ٹیکس والی معیشت ترقی کی رفتار برقرار نہیں رکھ سکتی۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

انٹرنیشنل ایئرلائنز کمپنی لمیٹڈ (PIACL) کی نجکاری کی تکمیل کے لیے تمام درکار قانونی تقاضے پورے ہو گئے ہیں۔ وفاقی حکومت کی جانب سے قومی ایئرلائن کی نجکاری کے عمل کو قانونی مراحل سے گزارنے کے لیے یہ بل پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے منظور کروایا گیا تھا۔ ریکارڈ کے مطابق پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن (کنورژن) ریپیل بل 2026 کو سینیٹ آف پاکستان نے 10 جون 2026 کو منظوری دی تھی، جس کے بعد قومی اسمبلی نے 11 جون 2026 کو اسے کثرتِ رائے سے منظور کیا تھا۔ صدر مملکت کی جانب سے اس بل پر دستخط کے بعد اب حکومت کے لیے پی آئی اے سی ایل کی نجکاری کے عمل کو مزید آگے بڑھانے کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ یہ اقدام قومی ایئرلائن کو نجی شعبے کے حوالے کرنے اور اس کے مالی و انتظامی ڈھانچے کو بہتر بنانے کی حکومتی کوششوں کا ایک اہم حصہ ہے۔ اس عمل سے عارف حبیب کنسورٹیم گروپ سرخرو ہو گیا۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

کے ذخائر 5 جون تک 22.62 ارب ڈالر رہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 5 جون کو ختم ہونے والے کاروباری ہفتے میں زرمبادلہ کے ذخائر میں 3.57 کروڑ ڈالرز کا اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق مرکزی بینک کے ذخائر 2.48 کروڑ ڈالرز اضافے سے 17.21 ارب ڈالرز ہو گئے جب کہ کمرشل بینکوں کے ذخائر 1.09 کروڑ ڈالرز اضافے سے 5.45 ارب ڈالرز رہے۔

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق بجٹ پیش کرنے کے لیے 16 اور 17 جون کا تاریخیں زیرِ غور ہیں۔ سندھ حکومت کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کی شرائط اور نیشنل فسکل پیکٹ پر عمل درآمد کے باعث بجٹ کی تیاری میں تاخیر ہوئی، تاہم حکومت کی کوشش ہے کہ عاشورہ محرم سے قبل بجٹ کو سندھ اسمبلی سے منظور کرا لیا جائے۔ سندھ اسمبلی کے قواعد وضوابط کے تحت بجٹ پر کم از کم پانچ روز بحث کرانا لازمی ہے، جس کے بعد بجٹ کی منظوری کا عمل مکمل کیا جاتا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اب تک دس مرتبہ سندھ اسمبلی میں بجٹ پیش کر چکے ہیں اور رواں سال بھی وہی بجٹ پیش کریں گے۔ ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کے مقابلے میں سندھ کے ترقیاتی بجٹ میں 24 فیصد تک کی متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

ٹھٹھہ، جیکب آباد اور شکار پور میں گرد آلود ہوا میں چلنے اور ہلکی بارش کا امکان ہے، اس کے علاوہ سکھر اور حیدر آباد میں بھی آندھی اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ میر پور خاص، عمر کوٹ اور تھر پارکر میں بھی چند مقامات پر ہلکی بارش ہو سکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 14 جون کو دادو، قمبر شہداد کوٹ، لاڑکانہ، نوشہرو فیروز، شہید بینظیر آباد، خیر پور میں بھی آندھی اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ کراچی میں ہفتے کو موسم جزوی طور پر ابر آلود،

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

اضافے کے بعد قیمت 7 ہزار 79 روپے ہو گئی، دوسری جانب عالمی منڈی میں سونا 72 ڈالر کے اضافے کے بعد 4175 کا ہو گیا۔

بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾

رہا ہے۔ 57 ہزار کیوسک پانی ہمیں آج مل رہا ہے جو 41 فیصد ہے، 1 لاکھ 10 ہزار کیوسک پانی پنجاب کو معاہدے کے تحت ملنا چاہیے، جام خان شورو نے کہا کہ سندھ پانی پر کسی صورت میں سمجھوتہ نہیں کرے گا چاہے ہمیں کسی بھی حد تک جانا پڑے، ہم سندھ کے لوگوں کے پانی کا دفاع کریں گے، پنجاب کو اس وقت 10 فیصد جبکہ سندھ کو 41 فیصد پانی کی کمی کا سامنا ہے، سندھ پاکستان میں پہلے چاول کی کاشت شروع کرتا ہے لیکن ہم شروع نہیں کر سکتے ہیں، زمینداروں نے سندھ میں جو بیج لگایا تھا آج سوکھ رہا ہے، 23 فیصد جی ڈی پی میں سندھ کے کسانوں کی محنت شامل ہے، 8 جون 2025 کو دریائے سندھ 71 ہزار کیوسک پانی لا رہا تھا، 8 جون 2026 کو تربیلا ڈیم سے ایک لاکھ 10 ہزار کیوسک پانی نکالا جا رہا ہے، 8 جون 2025 کو تربیلا ڈیم سے 78 ہزار کیوسک پانی آ رہا تھا، 8 جون 2025 کو 30 ہزار کیوسک پانی منگلا سے آ رہا تھا جبکہ آج 35 ہزار کیوسک پانی آ رہا ہے، پانی موجود ہے لیکن سندھ کے کسانوں کو مل نہیں رہا ہے، جام خان شورو نے کہا کہ ڈیموں کی پوزیشن پچھلے سال سے بہتر ہے دریا کے اندر پانی کا فلو بہتر ہے، دریائے کابل پر بھی پانی کی صورتحال بہتر ہے لیکن سندھ کو پانی کی کمی کا سامنا ہے، ارسا سندھ کے ساتھ زیادتی کر رہا ہے جس کا نقصان پاکستان کو ہو رہا ہے، دادو اور بدین کا کاشت کار شدید متاثر ہو رہا ہے کاٹن ہمارا تباہ ہو چکا ہے، پانی کے حوالے سے وزیر اعلیٰ سندھ نے وزیر اعظم کے نام خط لکھا ہے، وزیر اعلیٰ سندھ نے پانی کے حوالے سے سندھ کے تحفظات وزیر اعظم کے سامنے رکھے، میں نے گزشتہ روز وزیر اعظم کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں پانی کے معاملے پر احتجاج کیا تھا۔

بقیہ نمبر 19 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق جبارنا می عمارت کی چھٹی منزل پر واقع فلیٹ سے 17 سالہ نوجوان کی لاش ملی جسے بعد ازاں جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت میر عالم ولد عبید اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق واقعہ خودکشی کا معلوم ہوتا ہے تاہم پولیس نے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی اصل نوعیت پوسٹ مارٹم رپورٹ اور مزید تفتیش کے بعد واضح ہوگی، جبکہ اہل علاقہ سے بھی معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 20 ﴿قوم کی آواز﴾

جہاں فائرنگ کے نتیجے میں 22 سالہ مصباح موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ پولیس نے لاش کو قانونی کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق واقعے میں مقتولہ کا شوہر سلمان ملوث ہے جس نے مبینہ طور پر گھریلو ناچاقی پر فائرنگ کی، واقعے کے بعد ملزم موقع سے فرار ہو گیا جس کی تلاش جاری ہے۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ یاد رہے کہ کچھ روز قبل سرجانی ٹاؤن میں ہی شوہر کے بہیمانہ تشدد سے 18 سالہ مصباح دم توڑ گئی تھی، واقعے کا مقدمہ سرجانی ٹاؤن پولیس نے والدہ کی مدعیت میں قتل کی دفعہ کے تحت درج کیا تھا۔

بقیہ نمبر 21 ﴿قوم کی آواز﴾

درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ عمارت پر جاری تعمیراتی سرگرمیاں فوری طور پر روکی جائیں اور اس کے تاریخی تشخص کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ درخواست گزاروں نے موقف اختیار کیا ہے کہ مذکورہ عمارت ایک ہیریٹج (تاریخی) عمارت ہے اور اس پر کسی بھی قسم کی تعمیر یا تبدیلی صرف متعلقہ حکام کی اجازت اور نگرانی میں ہی کی جا سکتی ہے۔ عدالت میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ تاریخی عمارت پر متعلقہ اداروں کے سوا کوئی بھی فریق تعمیراتی کام کا مجاز نہیں ہے۔ درخواست میں سندھ کے محکمہ ثقافت، سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی، متعلقہ حکام اور مقامی ایس ایچ او کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزاروں نے عدالت سے استدعا کی ہے کہ متعلقہ اداروں اور پولیس حکام کو فوری طور پر تعمیراتی کام روکنے کے احکامات جاری کیے جائیں۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ تاریخی عمارت کے اصل تشخص اور ورثہ حیثیت کے تحفظ کے لیے عدالتی مداخلت ضروری ہے، لہٰذا عدالت متعلقہ حکام کو فوری اقدامات کی ہدایت جاری کرے۔

بقیہ نمبر 22 ﴿قوم کی آواز﴾

خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ میرے لیے بڑے اعزاز کی بات ہے کہ میں اس معزز ایوان کے سامنے ہماری حکومت کا تیسرا بجٹ برائے مالی سال 27-2026 پیش کر رہا ہوں۔ 18 کھرب 77 ارب روپے سے زائد کے بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں سات فیصد اضافے کی تجویز۔ مجموعی ترقیاتی بجٹ کے لیے 3675 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز۔ دفاعی بجٹ کے لیے تین ہزار ارب روپے مختص کرنے کی تجویز۔ تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس کی شرح میں کمی کا اعلان۔ سینئر پیڈز اور مانع حمل ادویات پر ٹیکس کے خاتمے کی تجویز۔ 2000 سی سی سے بڑی گاڑیوں پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز۔ ڈیجیٹل مواد تخلیق کرنے والوں (کنٹینٹ کری ایٹرز) اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کی آمدنی پر دو ہولڈنگ ٹیکس کی تجویز۔ کریڈٹ ڈیبٹ کارڈ کی بین الاقوامی ٹرانزیکشنز پر عائد دو ہولڈنگ ٹیکس میں کمی کی تجویز۔ 20 کروڑ روپے سالانہ مال فروخت کرنے والے دکانداروں پر ایک فیصد فکسڈ ٹیکس کی تجویز۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ میں اتحادی جماعتوں کی قیادت خصوصاً میاں محمد نواز شریف، بلاول بھٹو زرداری، خالد مقبول صدیقی، چوہدری شجاعت حسین، عبدالعلیم خان اور جناب خالد حسین مگسی کی رہنمائی کے لیے دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں۔ یہ بجٹ ایک ایسے موقع پر پیش کیا جا رہا ہے جب پاکستان عالمی عوام اور ذرائع ابلاغ کی نظر میں ایک ایسے ملک کی حیثیت حاصل کر چکا ہے جس کی آواز سنی جاتی ہے اور جس کی دوستی کی خواہش کی جاتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ تبدیلی اتفاقاً نہیں آئی، اس کا آغاز گزشتہ برس مئی میں ہوا جب ہماری سرحدوں پر جارحیت کو پاکستان کی جانب سے ایسا جواب ملا کہ پوری دنیا کو نوٹس لینا پڑا۔ ہماری مسلح افواج نے دشمن کو ایسا منہ توڑ جواب دیا کہ وہ چند ہی گھنٹوں میں جنگ بندی کی بات کرنے پر مجبور ہوا۔ یہ کامیابی دہائیوں کی پیشہ ورانہ تربیت اور تیاری کا ثمر ہے۔ آپریشن ''سن آف الزبوس'' کی کامیابی ہماری قومی تاریخ کا ایک روشن باب ہے۔ آج دنیا پاکستانی دفاعی قوت کی معترف ہے، یہی وجہ ہے کہ ہماری فضاؤں کا تحفظ کرنے والے تھنڈر جیٹس کو کئی ممالک اپنی فضائیہ میں شامل کرنے کے لیے پاکستان سے رابطے میں ہیں۔ ہماری دفاعی صنعت یقینی زرمبادلہ کمانے کا بھی ایک ذریعہ بن چکی ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مضبوط دفاع نے نہ صرف ہماری سلامتی کے لیے اہم ہے بلکہ یہ ملک کی معاشی ترقی میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ پاور سیکٹر کیلیے سبھڈی میں کمی کر کے 830 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز۔ گردشی قرضے پر قابو پانے کے لی

ایمار کا دبئی میں 200 ارب درہم مالیت کا لگژری شہر لانچ کرنے کا اعلان

ایمار پراپرٹیز کے بانی محمد العبار نے اس منصوبے کو کمپنی کا اب تک کا سب سے بڑا ایمبیشس ڈریم قرار دیا ہے

دبئی (عارف شاہد) دبئی کی معروف ریئل اسٹیٹ کمپنی ایمار پراپرٹیز نے دبئی میں ایک تاریخی اور عظیم الشان ماسٹر ڈویلپمنٹ منصوبے کا اعلان کر دیا ہے۔ 200 ارب درہم مالیت کا یہ منصوبہ کمپنی کی تاریخ کا سب سے بلند حوصلہ اور وسیع شہری منصوبہ قرار دیا جا رہا ہے جس کا مقصد دبئی میں انٹیگریٹڈ اربن لونگ کے جدید تصور کو حقیقت کا روپ دینا ہے۔ یہ منصوبہ 4.5 ملین مربع میٹر سے زائد تعمیراتی رقبے پر محیط ہوگا۔ اسے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

سعودیہ کا مئی 2026 میں بروقت کارکردگی کے اعتبار سے عالمی ریکارڈ

پاکستانی مارکیٹ کیلئے سروس کی بہتری کی تقویت، آپریشنل کارکردگی میں ایک نیا عالمی سنگ میل حاصل کر لیا

کراچی (بزنس رپورٹر) سعودی عرب کی قومی فضائی کمپنی سعودیہ نے آپریشنل کارکردگی میں ایک نیا عالمی سنگ میل حاصل کیا ہے۔ سرکردہ عالمی ایوی ایشن تجزیاتی ادارہ Ciriumn کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق ایئر لائن مئی 2026 میں روانگی اور آمد دونوں کی شرحوں میں بروقت کارکردگی کے اعتبار سے دنیا بھر کی ایئر لائنز میں پہلے نمبر پر رہی ہے۔ ایئر لائن نے چار بر اعظموں میں 100 سے زائد منازل کیلئے اپنے نیٹ ورک پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

پی آئی اوز کی استعداد کار بڑھانے کیلئے ورکشاپ کا انعقاد

ورکشاپ میں سندھ انفارمیشن کمیشن کے انفارمیشن کمشنر سلیم خان اور نور محمد ڈایوجبکہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر سندھ انفارمیشن کمیشن ذوالفقار علی شیخ نے خطاب

کراچی (بزنس رپورٹر) سندھ انفارمیشن کمیشن نے ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے اشتراک سے مقامی ہوٹل میں پبلک انفارمیشن آفیسرز (پی آئی اوز) کی استعداد کار بڑھانے کی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ ورکشاپ میں سندھ انفارمیشن کمیشن کے انفارمیشن کمشنر سلیم خان اور نور محمد ڈایوجبکہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر سندھ انفارمیشن کمیشن ذوالفقار علی شیخ نے خطابات اور پریزنٹیشنز سے شرکاء کو کمیشن کے مینڈیٹ، کامیابیوں اور حق معلومات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ہر بیماری میں نمبرون بننے جا رہے ہیں: سید مصطفیٰ کمال

پاکستان میں صحت کا نظام 'بیماری کا نظام' بن چکا ہے اور ہسپتال مریضوں سے بھرے پڑے ہیں، وفاقی وزیر کی تشویش

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے جینیٹک پالیسی کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے پاکستان میں صحت کے شعبے کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور بڑھتے ہوئے بیماریوں کے بوجھ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان میں صحت کا نظام 'بیماری کا نظام' بن چکا ہے اور ہسپتال مریضوں سے بھرے پڑے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

دنیا بھر میں آج 13 جون کو عالمی یومِ آگاہی البینزم منایا جائیگا

اقوام متحدہ نے 2014 میں اس دن کو باضابطہ طور پر عالمی سطح پر منانے کی منظوری دی

پنگر یو (این این آئی) دنیا بھر میں آج 13 جون کو عالمی یومِ آگاہی البینزم منایا جائے گا۔ اس دن کا مقصد البینزم کے حامل افراد کے بارے میں پائی جانے والی غلط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

کراچی پولیس آفس حملہ کیس: ملزمان کا ضمانت کیلئے سندھ ہائیکورٹ سے رجوع

عدالت نے پراسیکیوشن اور تفتیشی افسر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 22 جون تک جواب طلب

کراچی (این این آئی) کے پی او (کراچی پولیس آفس) حملہ کیس میں گرفتار ملزمان عبدالعزیز اور مہران نے ضمانت کے حصول کے لیے سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



صحافت کا ایک اور باب بند: سینئر صحافی سید صابر علی دنیائے فانی سے رخصت ہو گئے

سید صابر علی کی خدمات تاریخ کا حصہ رہیں گی، صحافت ایک مخلص اور فرض شناس ساتھی سے محروم ہو گئی

کراچی (علیم نواب خان سے) صحافت کی دنیا میں ایک بڑا نام، دیانت دار قلم کار اور بہترین انسان سید صابر علی آج اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ وہ قومی اخبار کے چیف رپورٹر اور کراچی پریس کلب کے ایگزیکٹیو ممبر کے طور پر اپنی خدمات انجام دے رہے تھے۔ ان کا انتقال صحافتی حلقوں کے لیے ایک ناقابلِ تلافی نقصان ہے، اور ان کی رحلت سے ملک بالخصوص کراچی کی صحافت میں پیدا ہونے والا خلا برسوں پر نہیں ہو سکے گا۔ سید صابر علی صرف ایک صحافی نہیں تھے بلکہ وہ سچائی کا علمبردار اور مظلوموں کی آواز بننے والے ایک بے باک لکھاری تھے۔ انہوں نے اپنی زندگی کا ایک طویل عرصہ صحافت کی خدمت میں گزارا اور کبھی بھی اپنے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ بطور چیف رپورٹر، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

محمد علی جناح یونیورسٹی میں فیکلٹی، عملے اور طلبا میں تعریفی اسناد تقسیم

ڈاکٹر زبیر احمد شیخ نے تعریفی سرٹیفکیٹ تقسیم کیے، ڈاکٹر حنا فاطمہ اور ڈائریکٹر اورک پرکاش لوہانا کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محمد علی جناح یونیورسٹی میں دوسری آئی ای ای اور چوتھی آئی سی بی ایم انٹرنیشنل کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر فیکلٹی ممبران، انتظامی عملے اور طلبا کے اعزاز میں تقریب منعقد کی گئی، جس میں یونیورسٹی کے صدر اور وائس چانسلر ڈاکٹر زبیر احمد شیخ نے کانفرنس کی کامیابی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اے پی ایم ایس او طلبہ تنظیموں میں واحد موثر اور توانا آواز ہے، ایم پی اے ڈاکٹر فوزیہ حمید

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان برنس روڈ ٹاؤن کے زیرِ اہتمام فریسکو چوک پر آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ضلع بدین پولیس کی مختلف کارروائیاں 13 ملزمان گرفتار، چرس، دیسی شراب اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

پنگر یو (این این آئی) ضلع بدین پولیس نے جرائم پیشہ عناصر، منشیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

مفتی عبدالرحیم سے عبدالقادر شیخانی کی مسجد نبوی میں اعزازی ملاقات

اورنگی ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر عبدالقادر شیخانی نے اس سال اپنی فیملی کے ساتھ حج کی سعادت حاصل کی ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) معروف بزنس مین اورنگی ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر عبدالقادر شیخانی نے کہا کہ میرے محترم استاد، مفتی عبدالرحیم صاحب (جامعہ الرشید کراچی کے سربراہ اور مفتی طارق مسعود کے استاد) سے مسجدِ نبوی، مدینہ منورہ میں ملاقات و معانقہ کرنا میرے لیے حقیقتاً بڑے اعزاز اور سعادت کی بات ہے عبدالقادر شیخانی نے کہا کہ اللہ پاک ہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

گوگل بھی ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ کے رنگ میں ڈھل گیا

اس بار سرچ انجن کا ہوم پیج خواتین کرکٹ کے جوش، مہارت اور جذبے کی عکاسی کر رہا ہے، گوگل چیئرمین

کراچی (بزنس رپورٹر) دنیا کے سب سے بڑے اور مقبول ترین انٹرنیٹ سرچ انجن گوگل نے کرکٹ کی دنیا کے ایک اور بڑے معرکے کا استقبال منفرد انداز میں کرتے ہوئے اپنے ہوم پیج کا ڈوڈل تبدیل کر دیا ہے۔ بین الاقوامی کرکٹ کونسل کے زیر اہتمام شروع ہونے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

کوٹری بیراج پر پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، اکرم واہ سسٹم میں طویل وارہ بندی، زرعی معیشت کو بڑا دھچکا لگنے کا خدشہ، سندھ اریگیشن اینڈ ڈرینیج اتھارٹی (سڈا) حیدرآباد کے لیفٹ بینک کینال ایریا واٹر بورڈ بدین نے اکرم واہ سسٹم میں طویل وارہ بندی نافذ کر دی

پنگر یو (این این آئی) کوٹری بیراج پر پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، اکرم واہ سسٹم میں طویل وارہ بندی، زرعی معیشت کو بڑا دھچکا لگنے کا خدشہ دریائے سندھ میں پانی کی شدید قلت کے باعث کوٹری بیراج پر آبی بحران مزید سنگین ہو گیا ہے، جس کے نتیجے میں سندھ اریگیشن اینڈ ڈرینیج اتھارٹی (سڈا) حیدرآباد کے لیفٹ بینک کینال ایریا واٹر بورڈ بدین نے اکرم واہ سسٹم میں طویل وارہ بندی نافذ کر دی ہے۔ ماہرین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

بلاول بھٹو کے ویژن کے تحت کراچی میں ترقیاتی کام جاری ہیں اور رہیں گے، وزیر اعلیٰ سندھ

سید مراد علی شاہ کے ہاتھوں تاریخی ایمپریس مارکیٹ صدر کراچی کی بحالی اور تزئین و آرائش کا شاندار افتتاح

محدود وسائل کے باوجود کراچی کی ترقی کے لیے پوری طاقت لگا دی ہے، ڈنسو ہال، خالق دینا ہال اور لی مارکیٹ کو بھی بحال کرینگے

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، ڈپٹی میئر سلمان عبداللہ مراد کی کاوشوں کی بدولت یہ عمل مکمل ہوا، پی ڈی ایمپریس مارکیٹ طارق مغل کی بھی تعریف



کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کراچی کی تاریخی ایمپریس مارکیٹ کی بحالی اور تزئین و آرائش کا افتتاح کرتے ہوئے اس منصوبے کو شہر کے ثقافتی ورثے کے تحفظ اور شہریوں، تاجروں اور سیاحوں کے لیے جدید عوامی سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ افتتاحی تقریب میں میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، ڈپٹی میئر سلمان مراد، اراکین سندھ اسمبلی سعدیہ جاوید، معاونِ خصوصی عثمان ہنگورو، پراجیکٹ ڈائریکٹر ایمپریس مارکیٹ طارق مغل، سینئر حکام، تاجر برادری اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ کی آمد پر میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے ان کا استقبال کیا۔ تقریب کے دوران ایک دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی جس میں بحالی سے قبل مارکیٹ کی حالت اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) کی جانب سے کیے گئے وسیع بحالیاتی کاموں کو اجاگر کیا گیا، جسے وزیر اعلیٰ نے دیکھا اور سراہا۔ جب وزیر اعلیٰ خطاب کے لیے کھڑے ہوئے تو ایمپریس مارکیٹ کی تاریخی گھڑی نے رات 10 بجنے کا اعلان کرتے ہوئے 10 گھنٹے بجائے۔ اس پر مراد علی شاہ نے خوشگوار انداز میں کہا کہ اگرچہ وقت 10 بجے کا ہے لیکن بعض لوگوں کے چہروں پر 12 بجے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ بدقسمتی سے ایک مخصوص جماعت نے کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کا کنٹرول سنبھال کر شہر کے عوام کو ہراساں کر کے انہیں سزا دینا شروع کر دی تھی۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ لوگ قتل ہوتے تھے لیکن جب پاکستان پیپلز پارٹی اقتدار میں آئی تو پورے شہر نے سکھ کا سانس لیا۔ امن بحال ہوا اور ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ اس جماعت کے خلاف مزید بات نہیں کریں گے کیونکہ وہ جلد ناراض ہو جاتے ہیں اور آج کل تو ایک دوسرے سے بھی ناراض رہنے لگے ہیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ایمپریس مارکیٹ کراچی کی نمایاں تاریخی عمارتوں میں سے ایک اور شہر کی شناخت کا لازمی حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت تاریخی ورثے کے تحفظ کے ساتھ ساتھ شہری انفراسٹرکچر اور عوامی خدمات کی بہتری کے لیے بھی پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایمپریس مارکیٹ کراچی کی تاریخ اور ثقافت کی علامت ہے۔ اس کی بحالی اور تزئین و آرائش ہماری ترجیحات میں شامل رہی ہے کیونکہ تاریخی ورثے کا تحفظ ہماری آئندہ نسلوں کے لیے ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے مکمل کیا گیا یہ منصوبہ تقریباً پانچ ایکڑ پر مشتمل ایمپریس مارکیٹ کمپلیکس کو اس کی تاریخی شناخت برقرار رکھتے ہوئے ایک جدید اور منظم شہری مقام میں تبدیل کر چکا ہے۔ منصوبے کے تحت پوڈیم ایریا کی مرمت، شجرکاری، آرائشی باغیچہ لائٹس کی تنصیب، اندرونی ڈھانچوں کی مرمت و خوبصورتی اور پانچ ہزار مربع فٹ پر مشتمل عوامی پارک کا قیام شامل ہے۔ اس کے علاوہ جدید سہولیات بھی متعارف کرائی گئی۔

☆☆☆

ملیر کے عوام کیلئے خوشخبری: سید مراد علی شاہ اور ڈاکٹر جاوید سلیمان کا بڑا کارنامہ سامنے

این آئی سی وی ڈی اور حسن سلیمان میموریل اسپتال میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط، وزیر صحت ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو بھی موجود

ملیر اور گردونواح کے رہائشیوں کے لیے امراض قلب کی جامع خدمات کی فراہمی ممکن ہوگی، ڈاکٹر شہاب اللہ کا خصوصی مکالمہ

آصف جمیل، طاہر سانگی، ڈاکٹر طارق رفیع، ڈاکٹر زاہد جمال، ڈاکٹر انور علی خان بھی موجود، اسد بلال اعوان اور ڈاکٹر جاوید سلیمان کے دستخط

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیزز (این آئی سی وی ڈی) اور حسن سلیمان میموریل ہسپتال (ایچ ایس ایم ایچ) ملیر کے درمیان مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کی تقریب کی صدارت کی، جس کا مقصد ملیر اور گردونواح کے علاقوں کے رہائشیوں کے لیے امراضِ قلب کی جامع خدمات کی فراہمی ہے۔ اس شراکت داری کے تحت حسن سلیمان میموریل ہسپتال ہنگامی امراضِ قلب کی جانچ، مریضوں کو مستحکم کرنے اور بعد از علاج نگہداشت کی خدمات فراہم کرے گا، جبکہ انجیو گرافی، انجیو پلاسٹی اور دل کے آپریشن جیسے جدید علاج کے محتاج مریضوں کو ایک مخصوص ریفرل نظام کے ذریعے این آئی سی وی ڈی منتقل کیا جائے گا۔ اس تعاون میں ٹیلی کارڈیالوجی سپورٹ، ماہرین کی مشاورت اور طبی و نیم طبی عملے کی استعداد کار میں اضافہ بھی شامل ہے۔ دستخطی تقریب وزیر اعلیٰ ہاؤس میں منعقد ہوئی جس میں وزیر صحت ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو، سیکریٹری برائے وزیر اعلیٰ آصف جمیل، سیکریٹری صحت طاہر سانگی، قائم مقام ایگزیکٹو ڈائریکٹر این آئی سی وی ڈی اسد بلال اعوان، سربراہ سائبر نائف سینٹر پروفیسر ڈاکٹر طارق محمود، چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) پروفیسر ڈاکٹر محمد طارق رفیع، صدر حسن سلیمان فاؤنڈیشن ڈاکٹر جاوید سلیمان، ڈاکٹر شہاب اللہ، ڈاکٹر زاہد جمال، ڈاکٹر انور علی خان اور دیگر سینئر حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ سندھ حکومت معیاری طبی سہولیات تک رسائی کو وسعت دینے اور جان بچانے والے امراضِ قلب کے علاج کو عوام کے گھروں کے قریب پہنچانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ این آئی سی وی ڈی مفت اور عالمی معیار کے امراضِ قلب کے علاج کی فراہمی کے ذریعے لاکھوں افراد کے لیے امید کی علامت بن چکا ہے۔ اس تعاون کے ذریعے ہم اس ماڈل کو ملیر تک وسعت دے رہے ہیں، جہاں مریضوں کو بروقت امراضِ قلب کی جانچ اور ہنگامی طبی سہولیات میسر ہوں گی، جس کے بعد انہیں این آئی سی وی ڈی کے جدید علاج کے نیٹ ورک سے منسلک کیا جائے گا۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ امراضِ قلب اموات کی بڑی وجوہات میں شامل ہیں اور ان کی فوری تشخیص اور علاج انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دل کے ہنگامی امراض میں ہر منٹ قیمتی ہوتا ہے۔ یہ شراکت داری ہنگامی ردعمل کے نظام کو مضبوط بنائے گی، مریضوں کے علاج کے نتائج بہتر کرے گی اور ملیر اور قریبی علاقوں کے رہائشیوں کو ماہر امراضِ قلب کی خدمات تک تیز تر رسائی فراہم کرے گی۔ وزیر اعلیٰ نے محکمہ صحت اور این آئی سی وی ڈی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ معاہدے پر مؤثر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور ایسے مریضوں کے لیے مضبوط ریفرل اور منتقلی کا نظام تیار کیا جائے جنہیں امراضِ قلب کے جدید علاج کی ضرورت ہو۔